پریس ریلیز

شیل تعمیر ایوارڈز 2021 کے لیے 20 فائنلسٹ کا اعلان کر دیا گیا

کراچی، 24 اگست، 2021: شیل تعمیر، شیل کا فلیگ شپ سوشل انویسٹمنٹ پروگرام ہے جس کا مقصد پاکستان کے نوجوان انٹرپرینیورز کو ترقی دینا اور مضبوط بنانا اور ملک میں جدت اور انٹرپرائز ڈیویلپمنٹ کو آگے بڑھانا ہے۔ اس سال، تعمیر نے اپنا 8 واں شیل تعمیر ایوارڈز متعارف کرایا تھا جس میں پورے پاکستان سے تعلق رکھنے والے نوجوان انٹرپرینیورز نے شرکت کی اور اپنے آئیڈیاز اور جدید کاروبار کو تسلیم کروانے کی غرض سے مقابلہ کیا۔ یہ مقابلہ پاکستانی نوجوانوں کے ایسے جدید کاروباری اداروں کا اعتراف کرتا ہے اور ایوارڈز دیتا ہے جو سسٹین ایبل ڈیویلپمنٹ کو قوت فراہم کرتے ہیں اور ملک میں روزگار کے مواقع پیدا کرتے ہیں۔

اِس سال، اِن ایوارڈز کے لیے، پورے ملک سے چھ کیٹگریز کے لیے 125 درخواستیں موصول ہوئیں تھیں جن میں سے 20 فائنلسٹ کو شارٹ لسٹ کیا گیا۔ اِن 20 فائنلسٹس کو شیل کے انٹرنیشنل کنسلٹنٹس، ڈی اے آئی کی جانب سے مینٹورنگ اور کوچنگ فراہم کی جائے گی جس کے بعد اُنھیں اِس بات کا موقع فراہم کیا جائے گا کہ وہ حتمی ونر کے انتخاب کی غرض سے اپنے کاروبار کو ماہرین کی ایک جیوری کے سامنے پیش کریں۔ ونرز کا اعلان ایونٹ کی تقریب میں کیا جائے گا جو 18 ستمبر، 2021ء کو منعقد ہوگی۔

شیل تعمیر ایوارڈز 2021 کے 20 فائنلسٹ کی فہرست درج ذیل ہیں: سرکلر اکنامی کی کیٹگری میں ٹریش اٹ، آبشار انکار پوریٹیڈ اور انٹرنیشنل سروسز پاکستان: کلین انرجی سولوشنز کیٹگری میں رینیو پاور پروجیکٹس، بلڈنگ انرجی ایفشنسی سمولیٹرز (BEES) اور ENENT: امپاورنگ ویمن کیٹگری میں Civixa، بی ٹی (beetee) اور ڈیجیٹل لباس: ٹیکنالوجی انوویشن کیٹگری میں کرک فلیکس، لرنوویٹ اور Asani.io: ٹرانسپورٹ اینڈ موبلٹی کیٹگری میں PickDrop.pk، کارگوٹیک اور وی کارپورل: برائٹ آئیڈیاز کیٹگری میں فرکٹولائسس، کری ایٹرز، بولتے حروف، ڈائس بیٹری پیک اور ایکو اسٹیبلائزر شامل ہیں۔

اسٹارٹ اپس اور انوویٹرز اپنے پروٹوٹائپ اسٹیج میں اس بات کے اہل تھے کہ وہ کلین انرجی سولوشنز (CES)، امپاورنگ ویمن (EW)، ٹیکنالوجی انوویشن (TI)، سرکلر اکنامی (CE)، ٹرانسپورٹیشن اینڈ موبلٹی (T&M) اور برائٹ آئیڈیاز ایوارڈز (BIA) کی کیٹگریز میں اپنے آئیڈیاز پیش کریں۔ کلین انرجی سولوشنز کی کیٹگری میں توانائی تک رسائی کے لیے ڈسرپٹو ٹیکنالوجیز، آف گرڈ سولوشن، انرجی ایفیشنسی وغیرہ شامل تھے جبکہ امپاورنگ ویمن کی کیٹگری جدید ٹیک سولوشنز شامل تھے جو صنفی مساوات اور روزگار کے نئے مواقع فراہم کرتے تھے۔ ٹیکنالوجی انوویشن کی کیٹگری میں ای-کامرس کا فروغ، فن ٹیک اور صحت، تعلیم اور کاروبار کے لیے اسمارٹ سولوشنز رکھے گئے تھے۔

اس حوالے سے شیل پاکستان لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، ہارون رشید نے کہا: ''تخلیقی آئیڈیاز کو مستحکم اداروں میں تبدیل کرنا اور بتدریج پیچیدہ ہوتی ہوئی دنیا کو درپیش چیلنجوں کے لیے کاروباری سولوشنز فراہم کرنا ہمیں ایک قوم کی حیثیت سے پیش رفت کرنے میں مدد دیتا ہے۔ ہمیں 20 برائٹ اور نوجوان انوویٹرز کا اعلان کرنے پر خوشی ہے جو فائنل کے مرحلے تک پہنچے ہیں۔ ہم ان تمام فائنلسٹ کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے شرکت کی اور ہمیں آپ پر فخر ہے کہ آپ نے پاکستان کی ترقی کے لیے اپنے کاروبار پر سرمایہ کاری کی۔''